بسم اللہ الرحمن الرحیم

# رَضِیتُ بِاللہِ رَبًّا وَ بِالْاِسْلَامِ دِیْنًا و بِمُحَمَّدٍ نَبِیًّا پڑھنے کے فضائل

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیان شرع متین اس بارے کہ اس دعا کی فضیلت حدیث پاک کے حوالے سے ارشاد فرمادیں : رَضِیتُ بِاللہِ رَبًّا وَ بِالْاِسْلَامِ دِیْنًا و بِمُحَمَّدٍ نَبِیًّا

## جواب

سوال میں ذکر کردہ جملہ بڑا متبرک جملہ ہے ، احادیث مبارکہ میں اس جملے کے حوالے سے کئی فضائل مذکور ہیں :

(1) ایک حدیث پاک کے مطابق اس طرح پڑھنے والے کے لیے جنت واجب ہوجاتی ہے ۔

(2) ایک حدیث پاک کے مطابق جو صبح و شام اس طرح پڑھے ، تو اللہ تعالی پر حق ہے کہ اسے قیامت کے دن راضی کردے ۔

(3) ایک حدیث پاک کے مطابق صبح کے وقت اس طرح پڑھنے والے کے لیے نبی پاک صلی اللہ تعالی علیہ و آلہ وسلم نے یہ کفالت فرمائی ہے کہ اس کا ہاتھ پکڑ کر اسے ضرور جنت میں لے جاؤں گا ۔

سنن ابی داوٗد میں ہے "أن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال : "من قال : رضیت باللہ ربا، وبالإسلام دینا، وبمحمد رسولا، وجبت لہ الجنۃ"" ترجمہ : " بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : جس شخص نے کہا : میں اللہ کے رب ہونے پر ، اسلام کے دین ہونے پر اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے رسول ہونے پر راضی ہوا ، اس کے لیے جنت واجب ہوگئی ۔ (سنن ابی داوٗد ، صفحہ 249 ، رقم الحدیث 1529 ، دار الکتب العلمیۃ ، بیروت)

سنن ابن ماجہ میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا : "ما من مسلم أو إنسان، أو عبد یقول حین یمسي وحین یصبح : رضیت باللہ ربا، وبالإسلام دینا، وبمحمد نبیا، إلا کان حقا علی اللہ أن یرضیہ یوم القیامۃ" ترجمہ : کوئی مسلمان ، انسان یا بندہ ایسا نہیں جو صبح و شام یہ پڑھے "رضیت باللہ ربا، وبالإسلام دینا، وبمحمد نبیا" مگر اللہ تعالیٰ پر یہ حق ہے کہ وہ قیامت کے دن اسے راضی فرمائے گا ۔ (سنن ابن ماجہ ، صفحہ 757 ، رقم الحدیث 3870 ، دار ابن کثیر ، دمشق)

المعجم الکبیر للطبرانی میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا : "من قال إذا أصبح : رضیت باللہ ربا، وبالإسلام دینا، وبمحمد نبیا، فأنا الزعیم لآخذ بیدہ حتی أدخلہ الجنۃ" ترجمہ : جو صبح کے وقت یہ پڑھے : "رضیت باللہ ربا، وبالإسلام دینا، وبمحمد نبیا" تو میں اس بات کا ضامن ہوں کہ میں اس کا ہاتھ پکڑ کے اسے ضرور جنت میں داخل کروں گا ۔ (المعجم الکبیر للطبرانی ، جلد 20 ، صفحہ 355 ، مطبوعہ : قاہرہ)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب : مولانا اعظم عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-5369

تاریخ اجراء : 19 ربیع الاول 1448ھ/02 ستمبر 2026ء


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com darulifaahlesunnat DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat feedback@daruliftaahlesunnat.net